اگر گیتی سراسر باد گیرد • چراغِ چشتیاں ہرگز نمیرد

چشتی جنتری

۱۴۴۳ھ 2022ء



حسب فرمائش

پیرِ طریقت حضرت مولانا الحاج سید شاہ عین الدین چشتی صاحب

سجادہ نشین خانقاہِ چشتیہ شیخپورہ، نوادہ بہار

شائع کردہ

خانقاہِ چشتیہ

چھوٹا شیخپورہ، ہسوا، نوادہ، بہار

اگر گیتی سراسر باد گیرد　786/92　چراغِ چشتیاں ہرگز نمیرد

چشتیِ جنتری

۱۴۴۳-۴۴ھ　2022ء

سرپرستی

پیرِ طریقت حضرت مولانا الحاج شاہ سید عین الدین احمد چشتی صاحب قبلہ مدظلہ العالی


شائع کردہ

سید سلمان چشتی

خانقاہِ چشتیہ

چھوٹا شیخپورہ، ہسوا، نوادہ، بہار
موبائل نمبر: 9939556786,9334377729

حمد باری تعالیٰ




کلیوں نے بصد شوق پڑھا اللہ ہی اللہ
پھولوں کی زباں پر ہے سدا اللہ ہی اللہ
سو بار ہواؤں نے لیا پیار سے بوسہ
جب ریت پہ لہروں نے لکھا اللہ ہی اللہ
بلبل کی چہک میں ہے ترے ذکر کی خوشبو
باغوں میں، درختوں کی صدا اللہ ہی اللہ
مصروف ترے ذکر میں لہروں کی نمازیں
ہر آن سمندر کی ندا اللہ ہی اللہ
شبنم سے وضو کرتی ہوئی پنکھڑی گل کی
ہر صبح کی ہے حمد و ثنا اللہ ہی اللہ
یوں دیکھ کے ایک ننھے فرشتے کی عبادت
چپکے سے فلک نے یہ کہا اللہ ہی اللہ
غنچے بھی کلی پھول بھی شبنم بھی شفق بھی
سب مل کے کریں تیری ثنا اللہ ہی اللہ

از نتیجۂ فکر: جناب نسیم انجم وارثی گورکھپوری

نعت سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

آپ فرمائیں جو محشر میں شفاعت یارسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
جاگ اٹھے ہم عاصیوں کی کیوں نہ قسمت یارسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
جس زمیں پر آپ کا پائے مبارک پڑ گیا
ہوگئی وہ مرتبہ میں عرش رفعت یا رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
تشنۂ تکمیل تھی توحید خالق کی دلیل
آپ نے آکر کیا اِتمامِ حجت یارسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
جس کو اعزازِ ید اللہ فوق ایدیھم ملا
کاش ان ہاتھوں کی حاصل ہو زیارت یارسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
تابشِ خورشید محشر سے بچائے گا ہمیں
آپ ہی کا سایۂ دامانِ رحمت یارسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
سلسلہ جس اہل حق کا آپ تک ہو منتہی
اس سے بیعت آپ سے گویا ہے بیعت یارسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
سچ تو یہ ہے برقؔ کی نظروں میں دونوں ایک ہیں
آپ کا ذکر اور قرآں کی تلاوت یارسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

نتیجۂ فکر: رحمت اللہ برقؔ اعظمی رح



اے خالق ہر بلند و پستی
شش چیز عطا بکن ز ہستی
ایمان و امان و تندرستی
علم و عمل و فراخ دستی

آدابِ زندگی

شیخ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ ایک دفعہ اپنے مریدوں اور شاگردوں کے ساتھ بغداد کی سیر کے لیے نکلے انھوں نے بہلول رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں پوچھا، تو کسی نے کہا سرکار وہ تو ایک دیوانہ شخص ہے۔

شیخ صاحب نے کہا مجھے اسی دیوانے سے کام ہے آیا کسی نے آج اس کو دیکھا ہے؟ ایک نے کہا میں نے فلاں مقام پر اس کو دیکھا ہے سب اس مقام کی طرف چل دیئے حضرت بہلول رحمۃ اللہ علیہ وہاں ریت پر بیٹھے ہوئے تھے۔

شیخ صاحب نے بہلول کو سلام کیا، بہلول نے سلام کا جواب دیا اور پوچھا کون ہو؟

شیخ صاحب نے بتایا، بندے کو جنید بغدادی کہتے ہیں،

بہلول نے کہا وہی جو لوگوں کو درس دیتے ہیں؟ کہا جی الحمدللہ! بہلول نے پوچھا۔

شیخ صاحب! کھانے کے آداب جانتے ہیں؟

کہنے لگے، بسم اللہ کہنا، اپنے سامنے سے کھانا، لقمہ چھوٹا لینا، سیدھے ہاتھ سے کھانا، خوب چبا کر کھانا، دوسرے کے لقمہ پر نظر نہ کرنا، اللہ کا ذکر کرنا، الحمدللہ کہنا، اول و آخر ہاتھ دھونا۔

بہلول نے کہا: لوگوں کے مرشد ہو اور کھانے کے آداب نہیں جانتے اور وہاں سے اٹھ کر آگے چل دیئے۔

شیخ صاحب بھی پیچھے چل دیئے، مریدوں نے اصرار کیا، سرکار وہ دیوانہ ہے لیکن شیخ صاحب پھر وہاں پہنچے پھر سلام کیا۔

بہلول نے سلام کا جواب دیا اور پھر پوچھا کون ہو؟

کہا: جنید بغدادی جو کھانے کے آداب نہیں جانتا۔

بہلول نے پوچھا: اچھا بولنے کے آداب تو جانتے ہوں گے۔

جی، الحمدللہ، متکلم مخاطب کے مطابق بولے، بے موقعہ، بے

محل اور بے حساب نہ بولے، ظاہر و باطن کا خیال رکھے۔

بہلول نے کہا: کھانا تو کھانا، آپ بولنے کے آداب بھی نہیں جانتے۔۔ بہلول نے پھر دامن جھاڑا اور تھوڑا سا اور آگے چل کر بیٹھ گئے۔

شیخ صاحب پھر وہاں جا پہنچے سلام کیا۔ بہلول نے سلام کا جواب دیا، پھر وہی سوال کیا، کون ہو؟

شیخ صاحب نے کہا، جنید بغدادی، جو کھانے اور بولنے کے آداب نہیں جانتا۔

بہلول نے اچھا سونے کے آداب ہی بتا دیں؟

کہا: نماز عشاء کے بعد، ذکر و تسبیح، سورہ اور وہ سارے آداب بتا دیئے جو روایات میں ذکر ہوئے ہیں۔

بہلول رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: آپ یہ بھی نہیں جانتے، اٹھ کر آگے چلنا ہی چاہتے تھے کہ شیخ صاحب نے دامن پکڑ لیا اور کہا جب میں نہیں جانتا تو بتانا آپ پر واجب ہے۔ (بقیہ صفحہ ۱۰ پر ملاحظہ فرمائیں)

جنوری 2022ء	دن	جمادی الاولیٰ ۱۴۴۳ھ	پوس ۱۴۲۹ فصلی	پوس ۱۴۲۸ بنگلہ	پوس ۱۹۴۳ شاکا	پوس ۲۰۷۸ بکرمی	قیام قمر در بروج	سعد و نحس بلحاظ تاریخ شمسی	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
1	سنیچر	۲۷	۱۴	۱۶	۱۱	۱۳/۱۴	عقرب	سعد	جیوشٹھا	عرس حضرت گوہر علی شاہ ٹانڈوی رضی اللہ عنہ
2	اتوار	۲۸	۱۵	۱۷	۱۲	۳۰	قوس	〃	مول	عرس حضرت خواجہ ابراہیم بن ادھم رضی اللہ عنہ
3	پیر	۲۹	۱۶	۱۸	۱۳	شدی ۱	〃	〃	پروا شاڑھ	
4	منگل	۳۰	۱۷	۱۹	۱۴	۲	جدی	〃	اُترا شاڑھ	چاند دیکھئے ☪
5	بدھ	۱ جمادی الآخری	۱۸	۲۰	۱۵	۳	〃	〃	سرون	عرس حضور حافظ ملت مبارکپور رضی اللہ عنہ
6	جمعرات	۲	۱۹	۲۱	۱۶	۴	دلو	〃	دھنشٹھا	عرس حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا
7	جمعہ	۳	۲۰	۲۲	۱۷	۵	〃	نحس	پروبھادرا	عرس شاہ منور علی الہ آبادی رضی اللہ عنہ
8	سنیچر	۴	۲۱	۲۳	۱۸	٦	حوت	〃	اُترابھادرا	عرس مفتی جلال الدین امجدی رضی اللہ عنہ
9	اتوار	۵	۲۲	۲۴	۱۹	۷	〃	سعد	اُترابھادرا	عرس مولانا محمد ابراہیم خوشتر صدیقی ماریشش رضی اللہ عنہ
10	پیر	٦	۲۳	۲۵	۲۰	۸	〃	نحس	ریوتی	عرس مولانا محمد کامل نعمانی ولید پوری رضی اللہ عنہ
11	منگل	۷	۲۴	۲٦	۲۱	۹	حمل	سعد	اشونی	عرس مخدوم فقیہ علی مہائمی رضی اللہ عنہ
12	بدھ	۸	۲۵	۲۷	۲۲	۱۰	〃	〃	بھرنی	عرس حضرت سید شاہ محمد احسان علی حقانی رضی اللہ عنہ
13	جمعرات	۹	۲٦	۲۸	۲۳	۱۱	ثور	نحس	کرتیکہ	عرس خواجہ شمس الدین پانی پتی رضی اللہ عنہ
14	جمعہ	۱۰	۲۷	۲۹	۲۴	۱۲	〃	سعد	روہنی	عرس حضرت عبد القادر شاہ ناگپوری رضی اللہ عنہ
15	سنیچر	۱۱	۲۸	۱ ماگھ	۲۵	۱۳	〃	〃	مرگ شرش	عرس سید العلماء سید آل مصطفیٰ مارہروی رضی اللہ عنہ

مصروفیات

....

....

....

جنوری 2022ء	دن	جمادی الآخر ۱۴۴۳ھ	ماگھ ۱۴۲۹ فصلی	ماگھ ۱۴۲۸ بنگلہ	پوس ۱۹۴۳ شاکا	پوس ۲۰۷۸ بکرمی	قیام قمر در بروج	سعد و نحس ایام	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
16	اتوار	۱۲	۲۹	۲	۲۶	۱۴	جوزا	سعد	آدرا	عرس حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رضی اللہ عنہ
17	پیر	۱۳	۳۰	۳	۲۷	۱۵	〃	〃	پونرسو	سیدنا امام غزالی
18	منگل	۱۴	۱ ماگھ	۴	۲۸	بدی ماگھ ۱	سرطان	〃	پشیے	عرس تاج محمود حقانی رضی اللہ عنہ شیخ پورہ نوادہ
19	بدھ	۱۵	۲	۵	۲۹	۱	〃	نحس	پشیے	
20	جمعرات	۱۶	۳	۶	۳۰	۲	〃	سعد	آشلش	عرس حاجی علی ملنگ (بمبئی) رضی اللہ عنہ
21	جمعہ	۱۷	۴	۷	۱ ماگھ	۳	اسد	نحس	مگھا	
22	سنیچر	۱۸	۵	۸	۲	۴	〃	〃	پُروپھالگنی	عرس شاہ عالم احمد آباد رضی اللہ عنہ
23	اتوار	۱۹	۶	۹	۳	۵	سنبلہ	سعد	اُتراپھالگنی	عرس علامہ ظفر الدین بہاری رضی اللہ عنہ
24	پیر	۲۰	۷	۱۰	۴	۶	〃	نحس	ہست	عرس بندگی سید علی احمد گجراتی رضی اللہ عنہ
25	منگل	۲۱	۸	۱۱	۵	۷	میزان	〃	چترا	عرس مولوی اسحٰق حسین چھپروی رضی اللہ عنہ
26	بدھ	۲۲	۹	۱۲	۶	۸/۹	〃	سعد	سواتی	یوم جمہوریہ / عرس امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
27	جمعرات	۲۳	۱۰	۱۳	۷	۱۰	عقرب	نحس	وشاکھا	خلافت حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ
28	جمعہ	۲۴	۱۱	۱۴	۸	۱۱	〃	〃	انورادھا	
29	سنیچر	۲۵	۱۲	۱۵	۹	۱۲	〃	〃	مول	عرس سید محمد میاں مارہروی رضی اللہ عنہ
30	اتوار	۲۶	۱۳	۱۶	۱۰	۱۳	قوس	سعد	پُرواشاڑھ	عرس عبد الواحد بغدادی رضی اللہ عنہ
31	پیر	۲۷	۱۴	۱۷	۱۱	۱۴	جدی	سعد	اُتراشاڑھ	عرس حضرت مولانا فخر الدین دہلوی رضی اللہ عنہ

قمر در عقرب

۱۴ جمادی الآخر۔

عرس تاج محمود حقانی چشتی رضی اللہ عنہ شیخ پورہ نوادہ

(بقیہ پچھلے صفحہ ۷ کا)

بہلول رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: جو آداب آپ بتا رہے ہیں وہ فرع ہیں اور اصل کچھ اور ہے، اصل یہ ہے کہ جو کھا رہے ہیں وہ حلال ہے یا حرام، لقمہ حرام کو جتنا بھی آداب سے کھاؤ گے وہ دل میں تاریکی ہی لائے گا نور و ہدایت نہیں، شیخ صاحب نے کہا: جزاک اللہ۔

بہلول رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: کلام میں اصل یہ ہے کہ جو بولو اللہ کی رضا و خوشنودی کے لئے بولو اگر کسی دنیاوی غرض کے لئے بولو گے یا بے ہودہ بول بولو گے تو وہ وبال جان بن جائے گا۔

سونے میں اصل یہ ہے کہ دیکھو دل میں کسی مؤمن یا مسلمان کا بغض لے کر یا حسد و کینہ لے کر تو نہیں سو رہے، دنیا کی محبت، مال کی فکر میں تو نہیں سو رہے، کسی کا حق گردن پر لے کر تو نہیں سو رہے۔

ہم سب اپنے آپ کا جائزہ لیں کہ اِن میں سے ہم کن آداب کا اہتمام کرتے ہیں چاہے وہ فرع ہوں یا اصل۔۔

زکوٰۃ کا شرعی نصاب

زکوٰۃ واجب ہونے کے لیے اسلامی شریعت نے ساڑھے سات تولہ سونا یا ساڑھے باون تولہ چاندی کا نصاب متعین فرمایا ہے، یا حاجت اصلیہ کے علاوہ اتنے روپے، یا مال تجارت کا مالک ہو جس کی قیمت اس نصاب کو پہنچے اور مالک نصاب قرض سے پاک ہو۔ اگر اس مال پر سال گزر جائے تو سو روپے میں ڈھائی روپے کے حساب سے زکوٰۃ فرض ہے۔ تولہ کا وزن محقق مسائل جدیدہ مفتی محمد نظام الدین رضوی کی تحقیق کے مطابق 12 رگرام 441 رملی گرام 6 پوائنٹ ہے۔ اس لحاظ سے ساڑھے سات تولہ کا وزن 93 رگرام 312 ملی گرام ہوا جب کہ ساڑھے باون تولہ چاند کا وزن 653 رگرام 184 رملی گرام ہوا۔ اگر کسی کے پاس سونا اور چاندی دونوں ہوں مگر دونوں اپنے نصاب سے کم ہیں تو اگر سونا کو چاندی، یا چاندی کو سونا ماننے سے نصاب مکمل ہو سکتا ہے تو اس طرح کر کے زکوٰۃ ادا کرنا ضروری ہے۔

●●●

فروری 2022ء	دن	جمادی الآخر ۱۴۴۳ھ	ماگھ ۱۴۲۹ فصلی	ماگھ ۱۴۲۸ بنگلہ	ماگھ ۱۹۴۳ شاکا	ماگھ ۲۰۷۸ بکرمی	قیام قمر در بروج	سعد و نحس ایام	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
1	منگل	۲۸	۱۵	۱۸	۱۲	۳۰●	جدی	سعد	سرون	عرس سید شاہ چندا حسینی (رائچور) رضی اللہ عنہ
2	بدھ	۲۹	۱۶	۱۹	۱۳	۱/۲	〃	〃	دھنسٹھ	چاند دیکھئے ☪
3	جمعرات	۱ رجب	۱۷	۲۰	۱۴	سُدی ۳	دلو	نحس	ستبھیسہ	عرس خواجہ مودود چشتی رضی اللہ عنہ
4	جمعہ	۲	۱۸	۲۱	۱۵	۴	〃	〃	پُروبھادرا	وصال حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ
5	سنیچر	۳	۱۹	۲۲	۱۶	۵	حوت	〃	اُترابھادرا	عرس مخدوم شاہ ایوب ابدالی رضی اللہ عنہ
6	اتوار	۴	۲۰	۲۳	۱۷	۶	〃	سعد	ریوتی	
7	پیر	۵	۲۱	۲۴	۱۸	۷	حمل	نحس	اشونی	وصال سیدنا امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ
8	منگل	۶	۲۲	۲۵	۱۹	۸	〃	〃	بھرنی	عرس سلطان الہند حضرت خواجہ غریب نواز رضی اللہ عنہ
9	بدھ	۷	۲۳	۲۶	۲۰	۸	ثور	سعد	کرتیکہ	عرس شیخ ہدایت اللہ چشتی (گیا) رضی اللہ عنہ
10	جمعرات	۸	۲۴	۲۷	۲۱	۹	〃	نحس	روہنی	عرس شاہ عبد الرب (کراپ شریف) رضی اللہ عنہ
11	جمعہ	۹	۲۵	۲۸	۲۲	۱۰	〃	سعد	مرگ شرش	عرس حضرت شمس تبریز رضی اللہ عنہ
12	سنیچر	۱۰	۲۶	۲۹	۲۳	۱۱	جوزا	نحس	مرگ شرش	عرس حضرت خواجہ شریف زندانی رضی اللہ عنہ
13	اتوار	۱۱	۲۷	۳۰	۲۴	۱۲	〃	〃	آدرا	عرس سیدنا ابو الحسین احمد نوری ماہروی رضی اللہ عنہ
14	پیر	۱۲	۲۸	۱ پھاگن	۲۵	۱۳	سرطان	〃	پونرسو	عرس حضرت عباس رضی اللہ عنہ

عرس مبارک سلطان الہند

سرکار غریب نواز رضی اللہ تعالیٰ عنہ اجمیر شریف

مورخہ ۶ ررجب المرجب مطابق ۸ فروری ۲۰۲۲ء

فروری 2022ء	چشتی جنتری	رجب المرجب ۱۴۴۳ھ	پھاگن ۱۴۲۹ فصلی	پھاگن ۱۴۲۸ بنگلہ	پھاگن ۱۹۴۳ شاکا	پھاگن ۲۰۷۸ بکرمی	قیام قمر در برج	سعد و نحس ایام شرعی	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
15	منگل	۱۳	۲۹	۲	۲۶	۱۴	سرطان	سعد	پشیے	ولایت حضرت علی شیر خدا رضی اللہ عنہ
16	بدھ	۱۴	۳۰	۳	۲۷	۱۵	//	سعد	آشلش	عرس حضرت خواجہ عبداللہ چشتی شیخ پورہ نوادہ
17	جمعرات	۱۵	۱ پھاگن	۴	۲۸	۱ پھاگن بدی	اسد	سعد	پروپھالگنی	عرس سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ
18	جمعہ	۱۶	۲	۵	۲۹	۲	//	سعد	پروپھالگنی	عرس حضور محدث اعظم ہند رضی اللہ عنہ
19	سنیچر	۱۷	۳	۶	۳۰	۳	سنبلہ	نحس	اتراپھالگنی	وفات مولانا محمد بنارس
20	اتوار	۱۸	۴	۷	۱ پھاگن	۴	//	سعد	ہست	عرس حضرت صلاح الدین شاہ رضی اللہ عنہ
21	پیر	۱۹	۵	۸	۲	۵	میزان	نحس	چترا	عرس شاہ بسنت (پٹنہ) رضی اللہ عنہ
22	منگل	۲۰	۶	۹	۳	۶	//	سعد	سواتی	عرس حضرت چمنی شاہ بابا (دھنباد) رضی اللہ عنہ
23	بدھ	۲۱	۷	۱۰	۴	۷	//	سعد	وشاکھا	عرس مولانا محمد شفیع اکاڑوی پاکستان رضی اللہ عنہ
24	جمعرات	۲۲	۸	۱۱	۵	۸	عقرب	نحس	انورادھا	فاتحہ سیدنا امام جعفر صادق (کونڈے کا نیاز)
25	جمعہ	۲۳	۹	۱۲	۶	۹	//	نحس	جیوشٹھا	عرس حضرت معشوق ربانی رضی اللہ عنہ
26	سنیچر	۲۴	۱۰	۱۳	۷	۱۰	//	نحس	مول	عرس مخدوم علاء الحق پنڈوی رضی اللہ عنہ
27	اتوار	۲۵	۱۱	۱۴	۸	۱۱/۱۲	قوس	سعد	پرواشاڑھ	عرس شاہ منصور شہید (گیا) رضی اللہ عنہ
28	پیر	۲۶	۱۲	۱۵	۹	۱۳	جدی	سعد	اتراشاڑھ	شب معراج (رجبی شریف) صلی اللہ علیہ وسلم

قمر در عقرب

۱۴/۱۵/رجب المرجب مطابق ۱۶، ۱۷/فروری بروز بدھ، جمعرات

عرس مبارک قطب وقت غوث زماں حضرت خواجہ سید عبداللہ چشتی

علیہ الرحمۃ والرضوان خانقاہ چشتیہ، شیخ پورہ نوادہ

فہرست تعطیلات ۲۰۲۲ء

تعطیل	تاریخ	تعطیل	تاریخ	تعطیل	تاریخ
نیا سال	یکم جنوری	مہابیر جینتی	۱۴/اپریل	کرشنا جنم اشٹمی	۱۹/اگست
مکر شنکرانتی	۱۴/جنوری	امبیڈکر جینتی	۱۴/اپریل	گنیش چتورتھی	۳۱/اگست
نیتاجی جینتی	۲۳/جنوری	گڈفرائیڈے	۱۵/اپریل	گاندھی جینتی	۲/اکتوبر
یوم جمہوریہ	۲۶/جنوری	یوم مزدور	یکم مئی	درگا اشٹمی	۳/اکتوبر
بسنت پنچمی	۵/فروری	عیدالفطر	۳/مئی	عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	۹/اکتوبر
گورووی داس جینتی	۱۶/فروری	ربیندر جینتی	۹/مئی	کالی پوجا، دیوالی	۲۴/اکتوبر
مہا شیوراتری	۱/مارچ	بدھ پورنیما	۱۶/مئی	بھائی دوج	۲۷/اکتوبر
ہولی	۱۷، ۱۸/مارچ	عیدالاضحیٰ	۱۰/جولائی	چھٹ پوجا	۳۰/اکتوبر
شب برأت	۱۸/مارچ	یوم عاشورہ	۹/اگست	گرونانک جینتی	۸/نومبر
شیو جینتی	۲۱/مارچ	راکھی بندھن	۱۲/اگست	کرسمس ڈے	۲۵/دسمبر
رام نومی	۱۰/اپریل	یوم آزادی	۱۵/اگست		

چشتی جنتری نقشہ لابھ خرچ بابت ۲۰۲۲ء

	راس	میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برچھک	دھن	مکر	کمبھ	مین
بدی پھاگن	لابھ	۸	۲	۸	۲	۵	۸	۲	۸	۵	۱۴	۱۴	۵
	خرچ	۵	۱۴	۱۱	۸	۵	۱۱	۱۴	۵	۱۱	۱۱	۱۱	۱۱
سدی پھاگن	لابھ	۱۴	۸	۱۱	۵	۸	۱۱	۸	۱۴	۲	۵	۵	۲
	خرچ	۱۴	۸	۵	۵	۱۴	۵	۸	۱۴	۸	۲	۲	۸

برسات کے گیارہ پنچھتر بابت ۲۰۲۲ء

نمبر شمار	نام اصلی	ابتدا	انتہا	کیفیت
۱	روہنی	۱۷/اپریل	۱/مئی	آندھراپردیس، کرناٹک، وتمل میں چکرورتی باقرش اور سمندری قدرتی پریشانی ہوگی
۲	مرگسرا	۲/مئی	۱۵/مئی	مہاراشٹر، گجرات، پنجاب اور شمال مشرق میں بارش سے فصلوں کو نقصان ہوگا۔
۳	آردرا	۱۶/مئی	۲۹/مئی	اترپردیش، دہلی، بنگال، آسام اور اڑیسہ میں اچھی بارش ہوگی۔
۴	بنربس	۳۰/مئی	۱۱/جون	مدھیہ پردیس، شمال جنوبی علاقوں میں طوفانی بارش اور لینڈسلائڈ (پہاڑوں کا کھسکنا) ہوگا۔
۵	پکھ	۱۲/جون	۲۵/جون	کشمیر، لداخ اور پہاڑی علاقوں میں طوفانی بارش اور لینڈ سلائڈ ہوگا۔
۶	اشلیکھا	۲۶/جون	۸/جولائی	مغرب میں آسمان صاف رہے گا اور شمال مشرق میں عام بارش ہوگی۔
۷	مگھا	۹/جولائی	۲۲/جولائی	سمندری علاقوں میں بارش اور امس کی ہواؤں کا زور رہے گا۔
۸	پورباپھالگنی	۲۳/جولائی	۴/اگست	گجرات، راجستھان، ہریانہ میں طوفانی بارش اور ہواؤں کا زور رہے گا۔
۹	اتراپھالگنی	۵/اگست	۱۸/اگست	بنگال، بہار، آسام اوراڈیسہ میں زبردست بارش ہوگی
۱۰	ہست	۱۹/اگست	۱/ستمبر	مشرقی شمال میں چکروات سے نقصان و پہاڑی علاقوں میں زلزلے و بارش ہوگی۔
۱۱	چترا	۲/ستمبر	۱۵/ستمبر	کرناٹک، تمل، آندھراپردیس وعرب ساغر میں زبردست بارش ہوگی۔

قول زریں

خدا کی راہ میں جتنا بھی خرچ کرو، اِسراف نہیں لیکن اپنے لئے ضرورت سے ایک درہم زیادہ بھی فضول خرچی ہے۔ (محبوب الٰہی)

مارچ 2022ء	چشتی جنتری	رجب المرجب ۱۴۴۳ھ	پھاگن ۱۴۲۹ فصلی	پھاگن ۱۴۲۸ بنگلہ	پھاگن ۱۹۴۳ شاکا	پھاگن ۲۰۷۸ بکرمی	قیام قمر در برج	سعد و نحس ایام شرعی	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
1	منگل	۲۷	۱۳	۱۶	۱۰	۱۴	جدی	سعد	دھنسٹھ	عرس سیدنا شیخ جنید بغدادی رضی اللہ عنہ
2	بدھ	۲۸	۱۴	۱۷	۱۱	۳۰	دلو	//	ستبھیسہ	عرس حضرت فضیلت حسین دربھنگوی رضی اللہ عنہ
3	جمعرات	۲۹	۱۵	۱۸	۱۲	۱	//	نحس	پروبھادرا	
4	جمعہ	۳۰	۱۶	۱۹	۱۳	۲	حوت	سعد	اترابھادرا	چاند دیکھئے ☾
5	سنیچر	۱ شعبان	۱۷	۲۰	۱۴	۳	//	//	ریوتی	عرس محدث اعظم پاکستان مولانا سردار احمد رضی اللہ عنہ
6	اتوار	۲	۱۸	۲۱	۱۵	۴	حمل	//	اشونی	وصال امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ
7	پیر	۳	۱۹	۲۲	۱۶	۵	//	//	بھرنی	عرس سیدنا ابوالفرح طرطوسی رضی اللہ عنہ
8	منگل	۴	۲۰	۲۳	۱۷	۶	//	نحس	کرتیکہ	
9	بدھ	۵	۲۱	۲۴	۱۸	۷	ثور	سعد	کرتیکہ	عرس سیدنا غلام محیی الدین امیر عالم مارہروی
10	جمعرات	۶	۲۲	۲۵	۱۹	۸	//	نحس	روہنی	عرس شیخ سید محمد کالپی شریف رضی اللہ عنہ
11	جمعہ	۷	۲۳	۲۶	۲۰	۹	جوزا	سعد	مرگ شرش	عرس شیخ ابوسعید مخزومی رضی اللہ عنہ
12	سنیچر	۸	۲۴	۲۷	۲۱	۹	//	نحس	آدرا	عرس سید جمال شاہ پچروکھی رضی اللہ عنہ
13	اتوار	۹	۲۵	۲۸	۲۲	۱۰	//	سعد	پونرسو	
14	پیر	۱۰	۲۶	۲۹	۲۳	۱۱	سرطان	سعد	پشیے	عرس مخدوم اشرف (جیتھو شریف) رضی اللہ عنہ
15	منگل	۱۱	۲۷	۳۰	۲۴	۱۲	//	نحس	آشلش	عرس مخدوم شرف الدین یحییٰ منیری رضی اللہ عنہ

چشتی جنتری دہلی میں

کتب خانہ مزار حضرت قطب الدین بختیار کاکیؒ مہرولی شریف

مارچ 2022ء	ایام	شعبان المعظم ۱۴۴۳ھ	پھاگن ۱۴۲۹ فصلی	چیت ۱۴۲۸ بنگلہ	پھاگن ۱۹۴۳ ساکا	پھاگن ۲۰۷۸ بکرمی	قیام قمر در بروج	سعد و نحس ایام قمری	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
16	بدھ	۱۲	۲۸	۱	۲۵	۱۳	اسد	سعد	مگھا	عرس مجاہد اہل سنت شاہ فیض الدین سرمست
17	جمعرات	۱۳	۲۹	۲	۲۶	۱۴	//	//	پُروپھالگنی	
18	جمعہ	۱۴	۳۰	۳	۲۷	۱۵	//	//	اُتراپھالگنی	شب برأت / عرس قطب الدین ثانی چشتی بیرونٹہ شیخ پورہ نوادہ
19	سنیچر	۱۵	۱ چیت	۴	۲۸	۱ بدی	سنبلہ	سعد	ہست	عرس صوفی صبغۃ اللہ رضی اللہ عنہ
20	اتوار	۱۶	۲	۵	۲۹	۲	//	نحس	چترا	عرس استاذ العلماء مولانا خیف قادری رضی اللہ عنہ
21	پیر	۱۷	۳	۶	۳۰	۳	میزان	سعد	سواتی	عرس صفی اللہ دادا جی کلکتوی رضی اللہ عنہ
22	منگل	۱۸	۴	۷	۱ چیت	۴/۵	//	//	وشاکھا	عرس صوفی فقیر محمد لیاقت حسین تیغی رضی اللہ عنہ
23	بدھ	۱۹	۵	۸	۲	۶	عقرب	نحس	انورادھا	عرس شاہ ولی مبارک حسین رضی اللہ عنہ
24	جمعرات	۲۰	۶	۹	۳	۷	//	//	جیوشٹھا	
25	جمعہ	۲۱	۷	۱۰	۴	۸	قوس	سعد	مول	عرس حضرت سید رسول نما بنارسی رضی اللہ عنہ
26	سنیچر	۲۲	۸	۱۱	۵	۹	//	//	پُرواشاڑھ	عرس مفتی اعظم اڑیسہ رضی اللہ عنہ
27	اتوار	۲۳	۹	۱۲	۶	۱۰	جدی	نحس	اُتراشاڑھ	
28	پیر	۲۴	۱۰	۱۳	۷	۱۱	//	سعد	سرون	عرس حضرت بسم اللہ شاہ قادری مبارک پوری رضی اللہ عنہ
29	منگل	۲۵	۱۱	۱۴	۸	۱۲	دلو	نحس	دھنشٹہ	عرس حضرت قطب الدین چونپوری رضی اللہ عنہ
30	بدھ	۲۶	۱۲	۱۵	۹	۱۳	//	سعد	پُروبھادرا	عرس شاہ انوار الحق لکھنوی رضی اللہ عنہ
31	جمعرات	۲۷	۱۳	۱۶	۱۰	۱۴	حوت	نحس	اُترابھادرا	

قمر در عقرب

فالنامۂ لاثانی برائے اشرف المخلوقات

فال دیکھنے کی ترکیب: آپ ہندو ہوں یا مسلمان، جو مذہب بھی آپ کا ہے بوقت دیکھنے فال کے خدا کی طرف اپنے خیال کو یکسو کیجئے اور کوئی اپنے مذہب کی بزرگ چیز پڑھ کر جو مطلوب ہو، اس کو دل میں کہہ کر ذیل میں لکھے ہوئے ہندسوں میں سے کسی ہندسہ پر انگشت شہادت رکھئے اور جس نمبر پر آپ کی انگشت شہادت پڑے اس نمبر کا مضمون پڑھئے، اپنے سوال کا جواب پائیں گے یا ضمیر سے جواب سمجھئے۔ بعد فال دیکھنے کے جس مقام پر فالنامہ تل بتائے اپنے جسم پر اس کو دیکھ لیجئے تاکہ آپ کو اپنے سوال کے جواب کا پورا یقین ہو جائے۔

واللہ اَعلم بالصواب

۵	۴	۷	
۲	۶	۱	۹
۱۰	۳	۸	

۱ جو کچھ مقصد رکھتا ہے، برآئے گا اور جو کچھ ہاتھ میں آئے گا اور روزگار وسیلہ کسی شخص موافقت دار کے ہو جائے گا۔ اگر یقین نہ ہو تو اوپر منہ کے تل ہے۔

۲ اس فال سے مقصد حصول ہوں۔ خوشی کے بھادوں آویں گے لڑکا بھی جلد پیدا ہوگا۔ روزگار بہتر ہو جائے گا عبادت الٰہی کر۔ اگر یقین نہ ہو تو کان پر تل ہے۔

۳ بھائی بہن اور لڑکوں سے خوشی حاصل ہو، کچھ زمین سے پاوے گا اور دن خوشی کے کنوار سے آویں گے۔ اگر یقین نہ ہو تو اوپر بھوؤں کے تل ہے۔

۴ اس فال سے ظاہر ہے کہ مطلب حاصل ہرگز نہ ہوگا ناحق بات کھوتا ہے۔ تو دشمن کے کہنے پر خیال مت کر کہ وہ تجھ پر غالب ہے، اگر یقین نہ ہو تو پہلو پر تل ہے۔

۵ اس فال سے معلوم ہوا کہ روزگار پچھّم یا دکن سے تھوڑے عرصے میں ظاہر ہوگا اور مطلب حسب کہنے تیرے کے عنایت ایزدی سے جلد ہوگا۔ اور نیک دن آئے۔ اگر یقین نہ ہو تو ہتھیلی پر یا پسلی پر تل ہے۔

۶ اس فال سے معلوم ہوا کہ لڑکا تھوڑے دنوں میں پیدا ہوگا اور روزگار حسب دل خواہ و ارادہ دلی حاصل ہوگا۔ کسی سے لڑائی ہوگی۔ اگر یقین نہ ہو تو ہاتھ پر تل ہے۔

۷ اس فال سے معلوم ہوا کہ کچھ زمین سے پاوے گا۔ اور عورت بھی سزاوار اور نیک طالع شیریں سخن طرف پورب واتر سے ملے، ارادہ دلی حاصل ہوگا۔ اگر یقین نہ ہو تو شکم پر تل ہے۔

۸ اس فال سے معلوم ہوا کہ مطلب تیرا حل نہ ہوگا اور دن گردش کے ہیں، جو کام کرے گا نقصان پاوے گا، اور دن خوشی کے کاتک میں آویں گے۔ اگر یقین نہ ہو تو زانو پر تل ہے۔

۹ اس فال سے معلوم ہوا کہ لڑکا پیدا ہوگا اور روزگار ہو جائے، مطلب حاصل ہو، دشمن سے خبردار ہو مگر ہراساں مت ہو۔ اگر یقین نہ ہو تو پیروں پر تل ہے۔

۱۰ اس فال سے معلوم ہوا کہ دولت ہاتھ آئے گی اور طرح طرح کی خوشی دیکھے گا۔ اگر یقین نہ ہو تو رخسار پر تل ہے۔

اپریل 2022ء	ایام	شعبان المعظم ۱۴۴۳ھ	چیت ۱۴۲۹ فصلی	چیت ۱۴۲۸ بنگلہ	چیت ۱۹۴۴ ساکا	چیت ۲۰۷۹ بکرمی	قیام قمر در بروج	سعد و نحس ایام قمری	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
1	جمعہ	۲۸	۱۴	۱۷	۱۱	۳۰	حوت	سعد	اُترابھادرا	عرس حضرت ولی اللہ شاہ بخاری رضی اللہ عنہ
2	سنیچر	۲۹	۱۵	۱۸	۱۲	۱ سدی	//	//	ریوتی	چاند دیکھئے ☾
3	اتوار	۱ رمضان	۱۶	۱۹	۱۳	۲	حمل	//	اشونی	
4	پیر	۲	۱۷	۲۰	۱۴	۳	//	//	بھرنی	
5	منگل	۳	۱۸	۲۱	۱۵	۴	ثور	نحس	کرتیکہ	عرس خواجہ سری سقطی رضی اللہ عنہ
6	بدھ	۴	۱۹	۲۲	۱۶	۵	//	سعد	روہنی	عرس حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا
7	جمعرات	۵	۲۰	۲۳	۱۷	۶	//	نحس	مرگ شرش	
8	جمعہ	۶	۲۱	۲۴	۱۸	۷	جوزا	//	آدرا	عرس شیخ الحدیث مولانا عبد المصطفےٰ اعظمی گھوسی
9	سنیچر	۷	۲۲	۲۵	۱۹	۸	//	سعد	پونرسو	عرس مولانا بدالدین قادری رضوی رضی اللہ عنہ
10	اتوار	۸	۲۳	۲۶	۲۰	۹	سرطان	//	پشیے	عرس حاجی گوہر علی شاہ (کشی نگر) رضی اللہ عنہ
11	پیر	۹	۲۴	۲۷	۲۱	۱۰	//	//	پشیے	
12	منگل	۱۰	۲۵	۲۸	۲۲	۱۱	//	نحس	آشلیش	عرس خواجہ نصیر الدین چراغ رضی اللہ عنہ
13	بدھ	۱۱	۲۶	۲۹	۲۳	۱۲	اسد	سعد	مگھا	عرس میاں گل محمد صاحب توسوی رضی اللہ عنہ
14	جمعرات	۱۲	۲۷	۳۰	۲۴	۱۳	//	//	پُروپھالگنی	
15	جمعہ	۱۳	۲۸	۱ بیساکھ	۲۵	۱۴	سنبلہ	//	اُتراپھالگنی	وصال حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا

اپریل 2022ء	چشتی قمری	رمضان المبارک ۱۴۴۳ھ	چیت ۱۴۲۹ فصلی	بیساکھ ۱۴۲۹ بنگلہ	چیت ۱۹۴۴ شک	بیساکھ ۲۰۷۹ بکرمی	قیام قمر در بروج	سعد و نحس ایام شیخی	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
16	سنیچر	۱۴	۲۹	۲	۲۶	۱۵	سنبلہ	نحس	چترا	عرس حضرت بایزید بسطامی رضی اللہ عنہ
17	اتوار	۱۵	۱ بیساکھ	۳	۲۷	۱ بیساکھ	میزان	سعد	چترا	عرس بندگی اللہ داد گجراتی رضی اللہ عنہ
18	پیر	۱۶	۲	۴	۲۸	۲	//	//	سواتی	عرس سیدنا آل محمد مارہروی رضی اللہ عنہ
19	منگل	۱۷	۳	۵	۲۹	۳	عقرب	نحس	انورادھا	شہادت حضرت ٹیپو سلطان (میسور) رضی اللہ عنہ
20	بدھ	۱۸	۴	۶	۳۰	۴	//	//	جیوشٹھا	عرس مولانا ریحان رضا خاں رحمانی رضی اللہ عنہ
21	جمعرات	۱۹	۵	۷	۱ بیساکھ	۵	//	//	مول	عرس مخدوم الطاف الحق (سمستی پور) رضی اللہ عنہ
22	جمعہ	۲۰	۶	۸	۲	۶	قوس	سعد	پوروا شاڑھ	عرس خانقاہ سجادیہ داناپور، پٹنہ بہار
23	سنیچر	۲۱	۷	۹	۳	۷/۸	جدی	نحس	اترا شاڑھ	عرس پیر بیگھہ شریف نالندہ
24	اتوار	۲۲	۸	۱۰	۴	۹	//	//	سرون	عرس استاذ من حضرت حسن رضا بریلوی رضی اللہ عنہ
25	پیر	۲۳	۹	۱۱	۵	۱۰	//	سعد	دھنشٹھ	عرس شاہ حمید الدین پٹنہ رضی اللہ عنہ
26	منگل	۲۴	۱۰	۱۲	۶	۱۱	دلو	نحس	ستبھیسہ	عرس سید بخاری کائید پوری رضی اللہ عنہ
27	بدھ	۲۵	۱۱	۱۳	۷	۱۲	//	نحس	پوروبھادرا	
28	جمعرات	۲۶	۱۲	۱۴	۸	۱۳	حوت	سعد	اترابھادرا	شب قدر/عرس مولانا ہدایت رسول رضی اللہ عنہ
29	جمعہ	۲۷	۱۳	۱۵	۹	۱۴	//	نحس	ریوتی	عرس سید رحمٰن حسین چشتی شیخ پورہ نوادہ
30	سنیچر	۲۸	۱۴	۱۶	۱۰	۳۰	حمل	سعد	اشونی	

قمر در عقرب

مصروفیات

....

....

....

نسب نامہ سجادگان خانقاہِ چشتیہ

- قطب العصر خواجہ سید عبداللہ چشتی مودودی بھکری قدس سرہٗ
بانی خانقاہ چشتیہ چھوٹا شیخ پورہ نوادہ بعہد ہمایونی وفات بتاریخ 14 رجب
- حضرت خواجہ سید قطب الدین ثانی چشتی مودودی
وفات بتاریخ 14 شعبان المعظم
- حضرت خواجہ سید تاج محمود حقانی چشتی قدس سرہٗ
بعہد شاہجہانی وفات بتاریخ 14 جمادالآخر
- حضرت خواجہ سید عنایت اللہ چشتی مودودی قدس سرہٗ
وفات بتاریخ 20 ذی قعدہ
- حضرت خواجہ سید فصیح چشتی مودودی قدس سرہٗ
وفات 26 ذی الحجہ 1192ھ
- حضرت خواجہ سید ملیح چشتی مودودی قدس سرہٗ
4 جمادالاوّل 1217ھ

- حضرت خواجہ سید رحمان حسین چشتی مودودی قدس سرہٗ
وفات 27 رمضان المبارک 1235ھ
- حضرت خواجہ سید فخر الدین چشتی مودودی وفات 19 محرم 1262ھ
- حضرت خواجہ سید شجاعت حسین چشتی مودودی قدس سرہٗ
وفات 25 صفر المظفر 1307ھ
- حضرت خواجہ سید احمد حسین چشتی مودودی قدس سرہٗ
وفات 14 ربیع الاول 1341ھ
- حضرت خواجہ سید سلطان احمد چشتی مودودی قدس سرہٗ
وفات 14 ذی قعدہ 1382ھ
- حضرت خواجہ سید قطب الدین احمد چشتی مودودی قدس سرہٗ
وفات 17 شوال المکرم 1417ھ

پیر طریقت سید شاہ عین الدین چشتی موجودہ سجادہ نشین ومتولی درگاہ حضرت خواجہ عبداللہ چشتی علیہ والرضوان

مئی 2022ء	چشتی قمری	رمضان المبارک ۱۴۴۳ھ	بیساکھ ۱۴۲۹ فصلی	بیساکھ ۱۴۲۹ بنگلہ	بیساکھ ۱۹۴۴ شک	بیساکھ ۲۰۷۹ بکرمی	قیام قمر در بروج	سعد و نحس ایام شیخی	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
1	اتوار	۲۹	۱۵	۱۷	۱۱	۱ شدی	حمل	نحس	بھرنی	
2	پیر	۳۰	۱۶	۱۸	۱۲	۲	ثور	سعد	کرتیکہ	عید کا چاند دیکھئے ☪
3	منگل	۱ شوال	۱۷	۱۹	۱۳	۲	//	//	روہنی	عرس عاشق اللہ چشتی شیخ پورہ نوادہ
4	بدھ	۲	۱۸	۲۰	۱۴	۳	//	//	مرگ شرش	عرس امیر النسا اشرفی (بلیا) رضی اللہ عنہا
5	جمعرات	۳	۱۹	۲۱	۱۵	۴	جوزا	//	مرگ شرش	عرس حضرت شیخ سعدی شیرازی رضی اللہ عنہ
6	جمعہ	۴	۲۰	۲۲	۱۶	۵	//	نحس	آدرا	عرس بدر الدین کامل قادری (بڑا جیرہ بروده) رضی اللہ عنہ
7	سنیچر	۵	۲۱	۲۳	۱۷	۶	//	سعد	پونرسو	عرس مخدوم شرف الدین یحییٰ منیری رضی اللہ عنہ
8	اتوار	۶	۲۲	۲۴	۱۸	۷	سرطان	//	پشیے	عرس خواجہ عثمان ہارونی رضی اللہ عنہ
9	پیر	۷	۲۳	۲۵	۱۹	۸	//	//	آشلش	عرس شاہ احمد مرادآبادی رضی اللہ عنہ
10	منگل	۸	۲۴	۲۶	۲۰	۹	اسد	نحس	مگھا	
11	بدھ	۹	۲۵	۲۷	۲۱	۱۰	//	//	پوروپھالگنی	عرس حضرت شہید بابا بدراواں رضی اللہ عنہ
12	جمعرات	۱۰	۲۶	۲۸	۲۲	۱۱	سنبلہ	سعد	اتراپھالگنی	عرس حضرت مولا علی شاہ (کلکتہ) رضی اللہ عنہ
13	جمعہ	۱۱	۲۷	۲۹	۲۳	۱۲	//	نحس	ہست	عرس صوفی محمد احمد نقشبندی (سیوان) رضی اللہ عنہ
14	سنیچر	۱۲	۲۸	۳۰	۲۴	۱۳	//	//	چترا	عرس سید اسمٰعیل واسطی مسولوی رضی اللہ عنہ
15	اتوار	۱۳	۲۹	۳۱	۲۵	۱۴	میزان	سعد	سواتی	عرس عظیم ملت مخدوم گجراتی رضی اللہ عنہ

مورخہ 5 رشوال المکرم عرس حضرت مخدوم جہاں
شیخ شرف الدین احمد یحییٰ منیری علیہ الرحمہ بہار شریف

مئی 2022ء	چشتی جنتری	شوال المکرم ۱۴۴۳ھ	بیساکھ ۱۴۲۹ فصلی	جیٹھ ۱۴۲۹ بنگلہ	بیساکھ ۱۹۴۴ شک	بیساکھ ۲۰۷۹ بکرمی	قیام قمر در برج	سعد و نحس ایام شمسی	نکشتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
16	پیر	۱۴	۳۰	۱	۲۶	۱۵	میزان	سعد	وشاکھا	عرس بندگی میاں چاپانیر گجراتی رضی اللہ عنہ
17	منگل	۱۵	۱ جیٹھ	۲	۲۷	۱/۲	عقرب	//	انورادھا	شہادت حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ
18	بدھ	۱۶	۲	۳	۲۸	۳ جیٹھ بدی	//	نحس	جیوشٹھا	عرس ابوداؤد محدث دہلوی رضی اللہ عنہ
19	جمعرات	۱۷	۳	۴	۲۹	۴	//	//	مول	عرس حضرت امیر خسرو رضی اللہ عنہ
20	جمعہ	۱۸	۴	۵	۳۰	۵	قوس	//	پورواشاڑھا	عرس حضرت عطا حسین ثانی (گیا)
21	سنیچر	۱۹	۵	۶	۳۱	۶	جدی	//	سرون	عرس ہرے بھرے شاہ دہلوی رضی اللہ عنہ
22	اتوار	۲۰	۶	۷	۱	۷	//	سعد	دھنشٹھ	
23	پیر	۲۱	۷	۸	۲	۸	دلو	نحس	ستبھیسہ	عرس سید تاج الدین مظفرپوری رضی اللہ عنہ
24	منگل	۲۲	۸	۹	۳	۹	//	//	پوروبھادرا	عرس محمد صدیق شاہ مظفرپوری رضی اللہ عنہ
25	بدھ	۲۳	۹	۱۰	۴	۱۰	حوت	سعد	اُترابھادرا	عرس سیدنا علی جیلانی بغدادی رضی اللہ عنہ
26	جمعرات	۲۴	۱۰	۱۱	۵	۱۱	//	نحس	ریوتی	عرس سیدنا شاہ محمد صادق مارہروی رضی اللہ عنہ
27	جمعہ	۲۵	۱۱	۱۲	۶	۱۲	حمل	سعد	اشونی	عرس چونا شاہ بابا (جمشید پور) رضی اللہ عنہ
28	سنیچر	۲۶	۱۲	۱۳	۷	۱۳	//	//	بھرنی	عرس بسم اللہ شاہ بمبئی رضی اللہ عنہ
29	اتوار	۲۷	۱۳	۱۴	۸	۱۴	//	نحس	کرتیکہ	عرس خواجہ قطب الدین چشتی شیخ پورہ نوادہ
30	پیر	۲۸	۱۴	۱۵	۹	۳۰	ثور	سعد	کرتیکہ	عرس خطیب اعظم کانپور رضی اللہ عنہ
31	منگل	۲۹	۱۵	۱۶	۱۰	۱	//	نحس	روہنی	چاند دیکھئے ☾

قمر در عقرب

مورخہ ۲۷ شوال المکرم بروز اتوار عرس مبارک
قطب الملۃ والدین حضرت سید شاہ قطب الدین احمد چشتی علیہ الرحمۃ والرضوان
خانقاہ چشتیہ شیخ پورہ، نوادہ

جون 2022ء	چشتی جنتری	ذی القعدہ ۱۴۴۳ھ	جیٹھ ۱۴۲۹ فصلی	جیٹھ ۱۴۲۹ بنگلہ	جیٹھ ۱۹۴۴ شک	جیٹھ ۲۰۷۹ بکرمی	قیام قمر در برج	سعد و نحس ایام شمسی	نکشتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
1	بدھ	۱	۱۶	۱۷	۱۱	۲ شدی	جوزا	سعد	مرگ شرش	نکاح خاتون جنت سیدہ فاطمۃ الزہرا
2	جمعرات	۲	۱۷	۱۸	۱۲	۳	//	نحس	آدرا	عرس صدر الشریعہ مولانا امجد علی انصاری
3	جمعہ	۳	۱۸	۱۹	۱۳	۴	//	//	پونرسو	عرس سید ظفر الدین اشرف کچھوچھوی رضی اللہ عنہ
4	سنیچر	۴	۱۹	۲۰	۱۴	۵	سرطان		پشیے	عرس سلطان شاہ رحمت نگری رضی اللہ عنہ
5	اتوار	۵	۲۰	۲۱	۱۵	۶	//	نحس	آشلش	عرس خطیب الرحمٰن بدایونی رضی اللہ عنہ
6	پیر	۶	۲۱	۲۲	۱۶	۶	اسد	//	مگھا	عرس عبد العلیم آسی غازی پوری رضی اللہ عنہ
7	منگل	۷	۲۲	۲۳	۱۷	۷	//	//	پوروپھالگنی	عرس سید عبد الرزاق نور العین رضی اللہ عنہ
8	بدھ	۸	۲۳	۲۴	۱۸	۸	سنبلہ	سعد	اُتراپھالگنی	عرس قطب الدین نولپوری رضی اللہ عنہ
9	جمعرات	۹	۲۴	۲۵	۱۹	۹	//	نحس	ہست	عرس سید نظام الدین شاہ بھکاری رضی اللہ عنہ
10	جمعہ	۱۰	۲۵	۲۶	۲۰	۱۰	//	//	چترا	عرس داماد عبد الرحیم (ہزاری باغ) رضی اللہ عنہ
11	سنیچر	۱۱	۲۶	۲۷	۲۱	۱۱/۱۲	میزان	سعد	سواتی	عرس شاہ اسمٰعیل مظفرپوری رضی اللہ عنہ
12	اتوار	۱۲	۲۷	۲۸	۲۲	۱۳	//	نحس	وشاکھا	عرس گلبرگہ شریف دکن
13	پیر	۱۳	۲۸	۲۹	۲۳	۱۴	عقرب	//	انورادھا	عرس خواجہ بندہ نواز گلبرگہ شریف
14	منگل	۱۴	۲۹	۳۰	۲۴	۱۵	//	//	جیوشٹھا	عرس سید شاہ سلطان احمد چشتی شیخ پورہ نوادہ
15	بدھ	۱۵	۱ اساڑھ	۳۱	۲۵	۱ اساڑھ بدی	//	//	مول	عرس سید مہندی جونپوری رضی اللہ عنہ

قمر در عقرب

۱۴ ذی القعدہ عرس سلطان العارفین حضرت سید شاہ
سلطان احمد چشتی رضی اللہ عنہ شیخ پورہ نوادہ

جون 2022ء	چشتی تاریخ	ذی القعدہ ۱۴۴۳ھ	اساڑھ ۱۴۲۹ فصلی	اساڑھ ۱۴۲۹ بنگلہ	جیٹھ ۱۹۴۴ شک	اساڑھ ۲۰۷۹ بکرمی	قیام قمر در بروج	سعد و نحس ایام تاریخ چشتی	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
16	جمعرات	۱۶	۲	۱	۲۶	۲	قوس	سعد	پرواشاڑھ	
17	جمعہ	۱۷	۳	۲	۲۷	[illegible]	جدی	نحس	اُتراشاڑھ	عرس حضرت علاء الدین چشتی رضی اللہ عنہ
18	سنیچر	۱۸	۴	۳	۲۸	۵	//	سعد	سرون	عرس شاہ دوست محمد براہی رضی اللہ عنہ
19	اتوار	۱۹	۵	۴	۲۹	۶	دلو	//	دھنسٹھ	عرس شاہ محمد عبدالغفار (کراچی) رضی اللہ عنہ
20	پیر	۲۰	۶	۵	۳۰	۷	//	نحس	پروبھادرا	عرس خواجہ سید عنایت اللہ چشتی شیخ پورہ نوادہ
21	منگل	۲۱	۷	۶	۳۱	۸	حوت	سعد	اُترابھادرا	عرس شاہ بہاء الدین اصفہانی (بمبئی) رضی اللہ عنہ
22	بدھ	۲۲	۸	۷	اساڑھ ۱	۹	//	نحس	اُترابھادرا	عرس خواجہ امجد حسین رضی اللہ عنہ
23	جمعرات	۲۳	۹	۸	۲	۱۰	//	سعد	ریوتی	عرس سید وکیل احمد سیوانی رضی اللہ عنہ
24	جمعہ	۲۴	۱۰	۹	۳	۱۱	حمل	//	اشونی	عرس حضرت حسین منصور حلاجی رضی اللہ عنہ
25	سنیچر	۲۵	۱۱	۱۰	۴	۱۲	//	//	بھرنی	عرس بابا متان شاہ رضی اللہ عنہ
26	اتوار	۲۶	۱۲	۱۱	۵	۱۳	ثور	نحس	کرتیکہ	عرس خواجہ ابوالحسن خرقانی رضی اللہ عنہ
27	پیر	۲۷	۱۳	۱۲	۶	۱۴	ثور	سعد	روہنی	
28	منگل	۲۸	۱۴	۱۳	۷	۱۴	ثور	نحس	مرگ شرش	عرس شہنشاہ عالمگیر اورنگ زیب رضی اللہ عنہ
29	بدھ	۲۹	۱۵	۱۴	۸	۳۰	جوزا	//	آدرا	
30	جمعرات	۳۰	۱۶	۱۵	۹	۱	//	سعد	پونرسو	چاند دیکھئے ☪

مسائلِ نکاح

نکاح اس عقد کو کہتے ہیں جس سے دو اجنبی مرد و عورت کے درمیان میاں بیوی کا رشتہ پختہ ہوجائے اور مرد کو عورت سے صحبت وغیرہ کرنا حلال ہوجائے۔ یہ عام حالت میں جب کہ نہ بہت زیادہ شہوت کا غلبہ ہو، مرد میں مرادنگی کی قوت موجود ہو، عورت سے صحبت کرنے پر قادر ہو، مہر اور بیوی کا خرچ وغیرہ برداشت کرنے کی طاقت رکھتا ہو تو سنت مؤکدہ ہے۔ یعنی اب نکاح نہ کرنے پر اڑا رہنا گناہ ہے۔ بلکہ حرام کاری سے بچنے، سنت رسول اور قرآن کے حکم کو پورا کرنے اور اولاد ہونے کی نیت کرے تو ثواب بھی ملے گا۔ ہاں اگر محض لذت حاصل کرنا اور شہوانی ضرورت پوری کرنا مقصد ہو تو کوئی ثواب نہیں، نہ ہی سنت ہے اور نہ ہی قرآن کی پاسداری۔ (درمختار)

یاد رکھنے کی باتیں: مرد کو یہ یقین ہو کہ نکاح نہ کرنے سے زنا کا گناہ ہوجائے گا یا دوسرے غلط طریقے اپنانے پڑیں گے تو اب نکاح کرنا فرض ہے۔ اگر یہ ڈر ہے کہ نکاح کرے گا تو مہر اور کھانا خرچا نہیں دے سکے گا تو فرض نہیں اور اگر ان باتوں کا یقین ہے تو حرام ہوگا۔ نکاح ایجاب وقبول سے مکمل ہوتا ہے یعنی ایک کہے کہ میں نے اپنے کو تیری زوجیت میں دیا اور دوسرا کہے، میں نے قبول کیا۔ ان کو نکاح کا رکن کہا جاتا ہے، جس میں پہلے کو ایجاب کہتے ہیں اور دوسرے کو قبول کہتے ہیں۔ نکاح میں دو گواہ بھی ہوتے ہیں جن کا ایجاب وقبول کے وقت ہونا شرط ہے۔

خطبہ نکاح

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ۔ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ۔ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ۔ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ☆ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يٰاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ خَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّ نِسَآءً۔ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِىْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ۔ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا۔ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ۔ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْلَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا۔ قال النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم۔

اَلنِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِىْ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِىْ فَلَيْسَ مِنِّىْ

جولائی 2022ء	چشتی تاریخ	ذی الحجہ ۱۴۴۳ھ	اساڑھ ۱۴۲۹ فصلی	اساڑھ ۱۴۲۹ بنگلہ	اساڑھ ۱۹۴۴ شک	اساڑھ ۲۰۷۹ بکرمی	قیام قمر در بروج	سعد و نحس ایام تاریخ چشتی	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
1	جمعہ	۱	۱۷	۱۶	۱۰	شدی ۲	سرطان	سعد	پشیے	عرس علامہ سید معین الدین ملکی رضی اللہ عنہ
2	سنیچر	۲	۱۸	۱۷	۱۱	۳	//	//	آشلش	عرس سید محمد میاں جیلانینوساروی رضی اللہ عنہ
3	اتوار	۳	۱۹	۱۸	۱۲	۴	//	نحس	آشلش	عرس خلیفہ اعلیٰ حضرت مولانا ضیاء الدین مدنی
4	پیر	۴	۲۰	۱۹	۱۳	۵	اسد	//	مگھا	
5	منگل	۵	۲۱	۲۰	۱۴	۶	//	//	پروپھالگنی	عرس ارزاں شاہ دیوان (سلطان گنج) پٹنہ
6	بدھ	۶	۲۲	۲۱	۱۵	۷	سنبلہ	سعد	اُتراپھالگنی	عرس حاجی بشیر میاں پیلی بھیتی رضی اللہ عنہ
7	جمعرات	۷	۲۳	۲۲	۱۶	۸	//	نحس	ہست	عرس امام محمد باقر رضی اللہ عنہ
8	جمعہ	۸	۲۴	۲۳	۱۷	۹	میزان	//	چترا	
9	سنیچر	۹	۲۵	۲۴	۱۸	۱۰	//	سعد	سواتی	یوم عرفہ
10	اتوار	۱۰	۲۶	۲۵	۱۹	۱۱	عقرب	نحس	وشاکھا	عیدالاضحیٰ
11	پیر	۱۱	۲۷	۲۶	۲۰	۱۲	//	//	انورادھا	عرس پیارے شاہ وارثی رضی اللہ عنہ
12	منگل	۱۲	۲۸	۲۷	۲۱	[illegible]	قوس	سعد	مول	عرس حضرت شیخ بہاء الدین دولت آبادی رضی اللہ عنہ
13	بدھ	۱۳	۲۹	۲۸	۲۲	۱۵	//	//	پرواشاڑھ	عرس اسمٰعیل شاہ بنارسی رضی اللہ عنہ
14	جمعرات	۱۴	ساون ۱	۲۹	۲۳	ساون بدی ۱	جدی	نحس	اُتراشاڑھ	وصال حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ الصلاۃ والسلام
15	جمعہ	۱۵	۲	۳۰	۲۴	۲	//	نحس	سرون	عرس مخدوم ابن بدر چشتی رضی اللہ عنہ

قمر در عقرب

جولائی 2022ء	چشتی جنتری	ذی الحجہ ۱۴۴۳	ساون ۱۴۲۹ فصلی	اساڑھ ۱۴۲۹ بنگلہ	اساڑھ ۱۹۴۴ ساکا	ساون ۲۰۷۹ بکرمی	قیام قمر در برج	سعد و نحس ایام قمری	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
16	سنیچر	۱۶	۳	۳۱	۲۵	۳	دلو	سعد	دھنشٹھ	عرس سید فصیح اللہ چشتی شیخ پورہ نوادہ
17	اتوار	۱۷	۴	۳۲	۲۶	۴	″	نحس	ستبھیسہ	
18	پیر	۱۸	۵	ساون ۱	۲۷	۵	″	″	پوروبھادرا	عرس صدرالافاضل مولانا نعیم الدین مرادآبادی
19	منگل	۱۹	۶	۲	۲۸	۶	حوت	سعد	اُترابھادرا	
20	بدھ	۲۰	۷	۳	۲۹	۷	″	نحس	ریوتی	عرس قربان علی شاہ سیوانی رضی اللہ عنہ
21	جمعرات	۲۱	۸	۴	۳۰	۸	حمل	سعد	اشونی	عرس جمال الحق بندگی رضی اللہ عنہ
22	جمعہ	۲۲	۹	۵	۳۱	۹	″	نحس	بھرنی	
23	سنیچر	۲۳	۱۰	۶	ساون ۱	۱۰	ثور	سعد	کرتیکہ	عرس ممریز شہید بنارس رضی اللہ عنہ
24	اتوار	۲۴	۱۱	۷	۲	۱۱	″	″	روہنی	عرس نوشہ توحید بہاری رضی اللہ عنہ
25	پیر	۲۵	۱۲	۸	۳	۱۲	″	نحس	مرگ شرش	
26	منگل	۲۶	۱۳	۹	۴	۱۳	جوزا	سعد	آدرا	عرس حافظ سید غلام نبی رجہت رضی اللہ عنہ
27	بدھ	۲۷	۱۴	۱۰	۵	۱۴	″	نحس	پونرسو	عرس بابا سرمد شاہ سیوانی رضی اللہ عنہ
28	جمعرات	۲۸	۱۵	۱۱	۶	۳۰	سرطان	سعد	پشیے	
29	جمعہ	۲۹	۱۶	۱۲	۷	شدی ۱	″	″	پشیے	
30	سنیچر	۳۰	۱۷	۱۳	۸	۲	″	″	آشلیش	چاند دیکھیے ☾
31	اتوار	محرم الحرام ۱	۱۸	۱۴	۹	۳	اسد	نحس	مگھا	عرس سیدنا ابوالحسن علی رضی اللہ عنہ

مصروفیات

....

....

....

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہر کہ را جاوید باید جنت الماویٰ بہشت
دائماً با صدق خواند شجرۂ پیرانِ چشت

شجرۂ منظوم پیرانِ سلسلہ عالیہ چشتیہ

یا الٰہ العٰلمین حمد وثنا کا واسطہ ۔۔۔ سید الکونین احمد مجتبیٰ کا واسطہ
یا الٰہی شافع روز جزا کا واسطہ ۔۔۔ نورِ حق حضرت محمد مصطفیٰ کا واسطہ
معاف فرمادے خطائیں سب کی اے آمرزگار ۔۔۔ مرتضیٰ مولا علی شیر خدا کا واسطہ
تھی رضاعت حضرت اُمّ سلمیٰ کی جن کو نصیب ۔۔۔ وہ حسن بصری شہہ جود وسخا کا واسطہ
مصدرِ کشف وکرامت، صاحب زہد وورع ۔۔۔ آں فضیل ابن عیاض اَہل صفا کا واسطہ
صدقہ حضرت خواجہ ابراہیم ادہم کا ملے ۔۔۔ مرعشی خواجہ حذیفہ مقتدا کا واسطہ
حضرت خواجہ ہبیرہ بصری کی چشم کرم ۔۔۔ دینوری ممشا دعلوے پیشوا کا واسطہ
خواجہ بواسحاق شامی پاکباز وپاک بیں ۔۔۔ خواجہ بواحمد کے قلب پُر ضیا کا واسطہ
ناصح الدین بو محمد بن ابو احمد کا فیض ۔۔۔ خواجہ بو یوسف امام الاصفیا کا واسطہ

خواجہ سید قطب دیں مودودی شیخ جن وانس ۔۔۔ زندنی حاجی شریف پارسا کا واسطہ
خواجۂ عثمانِ ہارونی شہہ اقلیم فقر ۔۔۔ حضرت خواجہ معین الدین پیا کا واسطہ
بختیار کاکی خواجہ قطب الاقطاب زمن ۔۔۔ ہاں محمد جان چشتی با خدا کا واسطہ
خواجہ عبدرحمٰن چشتی محرم اسرار حق ۔۔۔ حضرت بُرہان دیں قبلہ نما کا واسطہ
کنج نشیں خواجہ اسد اللہ چشتی بھکری ۔۔۔ شاہ عبداللہ چشتی آشنا کا واسطہ
شیخ پوری خواجہ قطب الدین ثانی نازِ فقر ۔۔۔ خواجۂ محمودِ حقانی ادا کا واسطہ
ہو عنایت کی نظر شاہِ عنایت اللہ کی ۔۔۔ حاجی مولانا فصیح با حیا کا واسطہ
اور محمد شہہ ملیح چشتی جانِ معرفت ۔۔۔ شاہ رحمٰن حسین بے ریا کا واسطہ
شاہ فخرالدین حسین شیخ پوری کا ہو ساتھ ۔۔۔ سید شاہِ شجاعت رہنما کا واسطہ
چشتی شیخ شیخ پورہ سیدی احمد حسین ۔۔۔ شاہ سلطان احمد نورِ ہدیٰ کا واسطہ

چشتیوں کا شجرہ ہو سرسبز الٰہی تا ابد
شاہ قطب الدین احمد اولیاء کا واسطہ

قمر در عقرب

اگست 2022ء	چشتی جنتری	محرم الحرام ۱۴۴۴	ساون ۱۴۲۹ فصلی	ساون ۱۴۲۹ بنگلہ	ساون ۱۹۴۴ ساکا	ساون ۲۰۷۹ بکرمی	قیام قمر در برج	سعد و نحس ایام قمری	نچھتر	اعراس وصال / تعطیلات میلہ
1	پیر	۲	۱۹	۱۵	۱۰	شدی ۴	اسد	سعد	پوروپھالگنی	عرس سیدنا معروف کرخی رضی اللہ عنہ
2	منگل	۳	۲۰	۱۶	۱۱	۴	سنبلہ	″	اُتراپھالگنی	
3	بدھ	۴	۲۱	۱۷	۱۲	۵	″	نحس	ہست	عرس حضرت خواجہ حسن بصری رضی اللہ عنہ
4	جمعرات	۵	۲۲	۱۸	۱۳	۶/۷	″	سعد	چترا	عرس حضرت بابا فریدالدین گنج شکر رضی اللہ عنہ
5	جمعہ	۶	۲۳	۱۹	۱۴	۸	میزان	نحس	سواتی	وصال حضرت زکریا علیہ السلام
6	سنیچر	۷	۲۴	۲۰	۱۵	۹	″	″	وشاکھا	اہل بیت اطہار پر کوفیوں نے پانی بند کیا
7	اتوار	۸	۲۵	۲۱	۱۶	۱۰	عقرب	″	انورادھا	عرس شیر بیشۂ اہل سنت مولانا حشمت علی خاں رضی اللہ عنہ
8	پیر	۹	۲۶	۲۲	۱۷	۱۱	″	″	جیوشٹھا	عرس پیر سید مظفر شاہ کشمیری رضی اللہ عنہ
9	منگل	۱۰	۲۷	۲۳	۱۸	۱۲	قوس	سعد	مول	شہادت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ
10	بدھ	۱۱	۲۸	۲۴	۱۹	۱۳	″	نحس	پوروااشاڑھ	وصال حضرت آدم صفی اللہ علیہ السلام
